| HUNZA STEEL (PVT). LTD. (SUGAR DIVISION) | Doc. Id: HSPL-SD/IMS/POL-002 |
|---|---|
| | Version: 05 |
| Title: | Revision Date: 01 Sep, 2025 |
| **Quality & Food Safety Policy** | Issue Date: 16 May, 2016 |

ہنزہ سٹیل (پرائیویٹ) لمیٹڈ (شوگر ڈویژن) اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ خوراک کی حفاظت اور معیار ہمیشہ اس کی اولین ترجیح ہے تا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کی زیادہ سے زیادہ تسلی حاصل کی جا سکے۔

ہنزہ سٹیل (پرائیویٹ) لمیٹڈ (شوگر ڈویژن) کا مقصد پاکستان اور خطے میں سفید ریفائنڈ چینی کا ایک صف اول کا تیار کنندہ اور برآمد کنندہ بننا ہے اس کو حاصل کرنے کے لیے ہم درج ذیل اقدامات پر عمل کریں گے۔

## قانونی و کسٹمر تقاضوں کی پابندی

ہم تمام ملکی، بین الاقوامی، قانونی، ضابطہ جاتی تقاضوں اور باہمی طور پر طے شدہ صارفین کی تفصیلات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بناتے ہیں تا کہ ہماری مصنوعات اور عمل میں خوراک کی حفاظت اور معیار برقرار رہے۔

## اسٹیک ہولڈر کی تسلی

ہماری کوشش ہے کہ ہم خوراک کی حفاظت اور معیار سے متعلق تمام تقاضے پورے کرتے ہوئے اسٹیک ہولڈرز کی زیادہ سے زیادہ تسلی حاصل کریں۔

## خطرات پر مبنی طریقہ کار

ہم ممکنہ خطرات کے تدارک کیلئے خطرے کی تشخیص پر مبنی نقطہ نظر اپناتے ہیں تا کہ فوڈ سیفٹی، فوڈ ڈیفنس اور معیار سے متعلق خطرات کا ازالہ کیا جا سکے اور نظام کی مسلسل مطابقت برقرار رہے۔

## مقاصد اور صلاحیتوں کی ترقی

ہم خوراک کی حفاظت اور معیار کیلئے سمارٹ اہداف مقرر کرتے ہیں، انہیں حاصل کرنے کیلئے مناسب وسائل مختص کرتے ہیں اور مخصوص تربیتی پروگراموں کے ذریعے ملازمین کی اہلیت کو یقینی بناتے ہیں۔

## منصوبہ بندی اور بروقت ترسیل

ہم منصوبہ بند پیداوار، موثر رابطہ کاری اور بروقت ترسیل کو ترجیح دیتے ہیں تا کہ خوراک کی حفاظت اور معیار کے تقاضے پورے کیے جا سکیں۔

## مسلسل بہتری:

ہم خوراک کی حفاظت اور معیار کے نظام، مصنوعات، عمل، انفراسٹرکچر اور انسانی وسائل کو بہتر مانیٹرنگ اور نظر ثانی کے ذریعے مسلسل بہتر بنانے کے لیے پر عزم ہیں۔

## پالیسی کی ترسیل اور عملدرآمد

اس پالیسی کو ادارے کے تمام سطحوں پر اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ موثر طور پر پہنچایا، لاگو کیا اور قابل رسائی بنایا جاتا ہے تا کہ اس کا تسلسل سے اطلاق ہو۔

## باقاعدہ جائزہ اور ترسیل:

ہم اس پالیسی کو تمام ملازمین اور متعلقہ فریقین بشمول گاہکوں اور بیرونی فراہم کنندگان تک پہنچائیں گے اور اس کی افادیت اور موزونیت کو برقرار رکھنے کے لیے ہر سال یا ضرورت کے مطابق اس کا جائزہ لیں گے۔

**From: GM Production**